## 4523 ـ محرم کے بغیر عورت کا سفر

### سوال

مجھے علم ہے کہ عورت کے لیےایک دن اور رات کا سفرمحرم کے بغیر کرنا حرام ہے ، کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ اسے جہاز تک محرم پہنچا آئے اورجہاز سے اترتے وقت دوسرا محرم اسے لے آئے ؟
یہ سارا سفردس گھنٹے میں ہوگا

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

عورت کے لیے بغیرمحرم کے سفرکرنا جائز نہیں اس کی دلیل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کےمندرجہ ذیل فرمان کا عموم ہے :

( اللہ تعالی اورآخرت کے دن پرایمان رکھنے والی عورت کےلیے محرم کے بغیرسفرکرنا حلال نہیں ) ۔

اورمحرم کی موجودگی کا ھدف اورمقصد عورت کی حفاظت اوردیکھ بھال اوراس کےمعاملہ کونپٹانا ہے اورخاص کرجب کوئي نقصان دینے والے معاملات پیدا ہوجائيں ، اورسفرتواس سے بھرا پڑا ہے اس میں مدت کونہیں دیکھا جائےگا بلکہ لوگ جسے سفر کہتے ہیں وہ اسی طرح ہے ، اوراس وقت اس پرسفرکے احکامات لاگو ہونگے ۔

آپ محارم کے احکام کی مزید تفصیل دیکھنے کےلیے سوال نمبر ( 5538 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں ۔

واللہ اعلم .